## Section A

Questions and answers in **English**.

**0 1** M1 میں میرپور کالج میں انگریزی پڑھنے جاتا ہوں اور اردو میں، گھر پر ہی پڑھتا ہوں۔

**0 2** M1 مجھے جغرافیہ بالکل پسند نہیں لیکن میں حساب شوق سے پڑھتا ہوں۔

**0 3** F2 کیا آپ مجھے ایئرپورٹ جانے کا آسان طریقہ بتا سکتے ہیں؟

M2 آپ یہاں سے بس نمبر 18 لے کر ریلوے اسٹیشن چلے جائیں۔ وہاں سے لندن جانے والی گاڑی لے لیں جو آپ کو
پندرہ منٹ میں ایئرپورٹ پہنچا دے گی لیکن اگر آپ کو جلدی پہنچنا ہو تو ٹیکسی لے لیں۔

**0 4** F1 کیا تمہارے ابو آج بھی گھر پر ہیں؟

M1 کل ان کی صحت خراب تھی لیکن وہ آج کام پر گئے ہیں۔

F1 اور تمہارے چچا آج کل کہاں رہتے ہیں؟

M1 وہ پہلے دبئی میں رہتے تھے لیکن اب کراچی چلے گئے ہیں۔

F1 تم اپنے بھائی کے ساتھ ویک اینڈ پر کیا کرتے ہو؟

M1 اسے کرکٹ پسند نہیں اس لیے ہم فٹ بال کھیلتے ہیں۔

**0 5** M1 میں اپنے فارغ وقت میں ٹی وی دیکھتا ہوں لیکن مجھے موسیقی سننا زیادہ پسند ہے۔

**0 6** F1 ویسے تو میں روزانہ اخبار پڑھتی ہوں لیکن مجھے ہفتے میں ایک کتاب بھی پڑھنی ہوتی ہے۔

**0 7** F2 میرے کئی مشغلے ہیں مثلاً موٹر سائیکل چلانا اور پیدل چلنا لیکن میرا سب سے پسندیدہ مشغلہ مچھلیاں پکڑنا ہے۔

0 8 F2 ہمارے علاقے کے لوگ مشکل وقت میں ضرورت مند لوگوں کی مدد کرتے ہیں اور انہیں ہر طرح کی ضرورت کی چیزیں دیتے ہیں۔ میں اپنے علاقے میں غریب بچوں کو ویک اینڈ پر دو گھنٹے کے لیے اردو کے علاوہ انگریزی بھی پڑھاتی ہوں۔

0 9 M2 میرے بھائی امریکہ میں رہتے ہیں اس لیے میں اپنی اعلیٰ تعلیم پاکستان کی بجائے امریکہ میں حاصل کروں گا۔

پہلے میں وکیل بننا چاہتا تھا کیونکہ میری بھابی ڈاکٹر ہیں اس لیے میں بھی ڈاکٹر بن کر ان کے ساتھ مل کر ایک ہسپتال بناؤں گا۔

1 0 M1 نورین، تم اسکول کیسے آتی ہو؟

F1 ہمارے پاس گاڑی نہیں ہے اس لیے میں اسکول کی بس میں آتی ہوں۔

1 1 M1 اس سے پہلے تم اسکول کیسے آتی تھی؟

F1 مجھے دو بسیں بدلنی پڑتی تھیں۔

1 2 F1 کیا تم اپنے ابو کے ساتھ گاڑی میں آتے ہو؟

M1 نہیں، میں روزانہ چل کر اسکول آتا ہوں لیکن سردیوں میں واقعی بہت مشکل ہوتی ہے۔

1 3 M1 میرے امی ابو ہمیشہ کام کرتے رہتے ہیں اس لیے وہ ہر وقت پریشان لگتے ہیں۔
شبنم، تم اپنے امی ابو کے بارے میں بتاؤ؟

F1 میرے امی ابو ہمیشہ خوش رہتے ہیں۔

1 4 F1 میری ایک بہن اور ایک بھائی ہے لیکن میری دوستی اپنے بھائی سے زیادہ ہے۔
اور تمہارے بہن بھائی کیسے ہیں جہانداد؟

M1 میرے تو کوئی بہن بھائی ہی نہیں ہیں۔

1 5 F1 میری ایک ہی سہیلی ہے جو میرے لیے کافی ہے۔ اور تمہارے کتنے دوست ہیں جہانداد؟

